نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail: mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

گندم کے کاشتکار کنگی سے تحفظ کے لئے فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں۔بیماری کی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں محکمہ زراعت (توسیع یا پیسٹ وارننگ) کے مقامی عملہ کے مشورہ سے پھپھوند کُش زہروں کا استعمال کریں: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور **02** فروری **2022**: (   ) ترجمان محکمہ زراعت نے کہا ہے کہ گندم ہمارے ملک کی ایک اہم فصل ہے۔ پاکستان میں فوڈ سیکیورٹی کے پیش نظر گندم کی فصل نہایت اہم اور نمایاں حیثیت کی حامل ہے کیونکہ ملکی غذائی ضرورت کا 75 فیصد سے زیادہ گندم کی فصل سے ہی پورا ہوتا ہے لہٰذا ملک میں بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر گندم کی پیداوار میں اضافہ نہایت ضروری ہے۔ گندم پر حملہ ہونے والی بیماریوں میں سے فصل کا کنگی سے تحفظ نہایت اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اس بیماری کے حملہ کی صورت میں گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں 10 سے 30 فیصد تک کمی واقع ہوسکتی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ بھوری اور زرد کنگی کا حملہ صرف گندم کے پتوں جبکہ سیاہ کنگی کا حملہ پتوں کی ڈنڈی یا تنے پر مشاہدہ میں آتا ہے۔اس لئے گندم کے کاشتکار فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں کیونکہ بارشوں کے بعد نمی والے موسم میں فصل پر کنگی کا حملہ ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ کُنگی کا حملہ سب سے پہلے کھیت کے کچھ حصے پر ٹکڑیوں کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے اور پھر وہاں سے پورے کھیت میں بیماری پھیل جاتی ہے۔ گندم کے کاشتکار باقاعدگی سے اپنی فصل کا معائنہ کریں اور کنگی کے حملہ کی صورت میں دستانوں کا استعمال کرتے ہوئے صرف متاثرہ پتوں کو توڑ کر زمین میں دبا دیں۔کسی بھی شدید حملہ کی صورت میں گندم کی فصل کے صرف متاثرہ حصوں پر محکمہ زراعت (توسیع یا پیسٹ وارننگ) کے مقامی عملہ کے مشورہ سے مناسب پھپھوندی کش زہروں کا سپرے کرے تاکہ بیماری مزید نہ پھیل سکے۔

☆☆☆☆